Institute
الهداية
Al-Hidayah


وسوسوں سے نجات کے لیے دعائیں

رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ

وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ

اے میرے رب! میں شیاطین کی اکساہٹوں سے تیری
پناہ مانگتا ہوں اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں اے میرے
رب !کہ وہ میرے پاس آئیں

(سورۃ المؤمنون: 98-97)



اَعُوْذُ بِاللهِ

اَعُوْذُ بِاللهِ کثرت سے پڑھیں

(صحیح البخاری:3276)



اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

نماز اور قراءت کے دوران وسوسے کی
صورت میں اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ
پڑھ کر بائیں طرف تین دفعہ تھتکاریں

(صحیح مسلم : 5738)



اَعُوْذُ بِاللهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ مِنْ هَمْزِهِ وَ نَفْخِهِ وَ نَفْثِهِ


میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں، جو سننے والا اور جاننے والا ہے، شیطان مردود سے، اس کی اکساہٹ، اس کی پھونک اور اس کے وسوسے سے

(سنن أبی داؤد: 775 صحیح)

هُوَ الْاَوَّلُ وَ الْاٰخِرُ وَ الظَّاهِرُ وَ الْبَاطِنُ وَ هُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ

وہی اوّل بھی ہے اور آخر بھی، ظاہر بھی ہے اور پوشیدہ بھی، اور وہ ہر چیز کا علم رکھتا ہے

(سنن أبی داؤد: 5110 حسن)



/ Al-Hidayah Institute

اللّٰهُ اَكْبَرُ، اللّٰهُ اَكْبَرُ، اللّٰهُ اَكْبَرُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ رَدَّ كَيْدَهُ اِلَى الْوَسْوَسَةِ

الله سب سے بڑا ہے، الله سب سے بڑا ہے، الله سب سے بڑا ہے، تمام تعریف الله کے لیے ہے جس نے اس (شیطان) کی چال کو وسوسے تک محدود رکھا (یعنی اسے یقین اور عمل کا حصہ نہیں بننے دیا)

(سنن أبی داؤد: 5112 صحیح)

اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ کُلِّھَا
وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَۃِ

اے اللہ! سب کاموں میں ہمارا انجام اچھا کر اور ہمیں
دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے بچا

(مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، ج : 10، ص : 206)



اَللّٰهُمَ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهِ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهِ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهِ عَلَيْنَا مَصَائِبَ الدُّنْيَا، اَللّٰهُمَ مَتِّعْنَابِاَسْمَاعِنَا واَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ ثَاْرَنَا عَلَى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِىْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا

اے اللہ ! تو ہمیں اپنا ایسا خوف عطا فرما جو ہمارے اور تیری نافرمانی کے درمیان حائل ہو جائے ، ایسی اطاعت کی توفیق عطا فرما جو ہمیں تیری جنت تک پہنچا دے ، ایسا یقین جس سے ہماری دنیا کی مصیبتیں ہم پر آسان ہو جائیں اے اللہ! جب تک تو ہمیں زندہ رکھ تو ہمارے کانوں ،آنکھوں اور قوتوں سے ہمیں فائدہ پہنچا اور ہر ایک کو ہمارا وارث بنا ،ہمارا انتقام ہمارے ظالموں پر ڈال دے ،ہمارے دشمنوں کے خلاف ہماری مدد فرما ، ہمارے دین کے بارے میں ہم پر مصیبت نہ ڈال، دنیا کو ہمارے لیے بڑے غم کی چیز نہ بنا ،نہ ہمارے علم کا ذریعہ بنا اور ہم پر اس کو نہ مسلط کر جو ہمارے حال پر رحم نہ کرے

(الکلم الطیب، ج : 1)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَالْمَسْاَلَةِ وَخَیْرَ الدُّعَاءِ وَخَیْرَ النَّجَاحِ وَخَیْرَ
الْعَمَلِ وَخَیْرَ الثَّوَابِ وَخَیْرَ الْحَیَاةِ وَخَیْرَ الْمَمَاتِ وَثَبِّتْنِیْ وَثَقِّلْ
مَوَازِیْنِیْ وَحَقِّقْ اِیْمَانِیْ وَارْفَعْ دَرَجَاتِیْ وَتَقَبَّلْ صَلَاتِیْ وَاغْفِرْ
خَطِیْئَتِیْ وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ، اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ
فَوَاتِحَ الْخَیْرِ وَخَوَاتِمَهُ وَجَوَامِعَهُ وَاَوَّلَهُ وَظَاهِرَهُ وَبَاطِنَهُ وَالدَّرَجَاتِ
الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ آمِیْن اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَ مَا آتِی وَخَیْرَ مَا اَفْعَلُ
وَخَیْرَ مَا اَعْمَلُ وَخَیْرَ مَا بَطَنَ وَخَیْرَ مَا ظَهَرَ وَالدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ
الْجَنَّةِ آمِیْن اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْفَعَ ذِكْرِیْ وَتَضَعَ وِزْرِیْ وَتُصْلِحَ
اَمْرِیْ وَتُطَهِّرَ قَلْبِیْ وَتُحَصِّنَ فَرْجِیْ وَتُنَوِّرَ لِیْ قَلْبِیْ وَتَغْفِرَ لِیْ ذَنْبِیْ
وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ آمِیْن اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ
تُبَارِكَ لِیْ فِیْ نَفْسِیْ وَفِیْ سَمْعِیْ وَفِیْ بَصَرِیْ وَفِیْ رُوْحِیْ وَفِیْ
خَلْقِیْ وَفِیْ خُلُقِیْ وَفِیْ اَهْلِیْ وَفِیْ مَحْیَایَ وَفِیْ مَمَاتِیْ وَفِیْ عَمَلِیْ
فَتَقَبَّلْ حَسَنَاتِیْ وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ آمِیْن


اے اللہ ! بے شک میں تجھ سے بہترین سوال کرنا، بہترین دعا، بہترین نجات، بہترین عمل، بہترین ثواب، بہترین زندگی اور بہترین موت مانگتا ہوں اور مجھے ثابت قدم رکھ، میرا نامۂ اعمال وزنی کر، میرا ایمان ثابت کر، میرے درجے بلند کر، میری نماز قبول کر اور میری خطا بخش دے میں تجھ سے جنت کے بلند درجوں کا سوال کرتا ہوں ، اے اللہ! بے شک میں تجھ سے بھلائی کا آغاز اور اس کا (بھلائی پر) اختتام، اس کا جامع ہونا، اس کی ابتداء ، اس کا ظاہر اور اس کا باطن اور جنت کے بلند درجے مانگتا ہوں، آمین اے اللہ ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں خیر کا جو تو مجھے دے اور خیر کا جو میں کام کروں اور خیر کا جو میں عمل کروں اور ظاہر و باطن میں خیر کا اور جنت کے بلند درجے مانگتا ہوں، آمین اے اللہ ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو میرا ذکر بلند کر دے ، اور میرے بوجھ اتار دے، میرے کام کی اصلاح کر دے، میرے دل کو پاک کر دے، میری شرم گاہ کو محفوظ رکھ، میرے دل کو میرے لیے منوّر کر دے ، میرے گناہ بخش دے اور میں تجھ سے جنت کے بلند درجوں کا سوال کرتا ہوں، آمین اے اللہ ! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو میرے نفس میں، میری سماعت اور میری نگاہ میں، میری روح اور میری تخلیق میں، میرے اخلاق اور میرے گھر والوں میں ، میری زندگی اور میری موت میں اور میرے عمل میں برکت دے تو میری نیکیاں قبول کر اور میں تجھ سے جنت کے بلند درجوں کا سوال کرتا ہوں.

(المستدرک للحاکم، ج :2، ص : 1954)

اَللّٰهُمَّ إِنِّی أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ
وَسُوءِ الْكِبَرِ وَفِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ

اے اللہ !میں تیری پناہ لیتا ہوں سستی طاری ہو جانے سے
اور عمر(کے حد سے)بڑھ جانے سے اور بڑھاپے کی خرابی
سے اور دنیا کے فتنے سے اور قبر کے عذاب سے

(صحیح مسلم:7084)



اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي
وَاهْدِنِي وَارْزُقْنِي

اے اللہ! مجھے بخش دے ،اور مجھ پر رحم فرما۔اور
مجھے ہدایت دے اور مجھے رزق عطا فرما

(صحیح مسلم:7024)

/ Al-Hidayah Institute

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الْعَافِيَةَ فِی الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الْعَفْوَ وَ الْعَافِيَةَ فِیْ دِيْنِیْ وَ دُنْيَایَ وَاَهْلِیْ وَ مَالِیْ، اَللّٰهُمَّ اسْتُرْعَوْرَاتِیْ وَ آمِنْ رَوْعَاتِیْ، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْ بَيْنِ يَدَیَّ وَ مِنْ خَلْفِیْ وَ عَنْ يَّمِيْنِیْ وَ عَنْ شِمَالِیْ وَ مِنْ فَوْقِیْ وَ اَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ

اے اللہ! بے شک میں آپ سے دنیا اور آخرت میں عافیت مانگتا ہوں، اے اللہ! بے شک میں آپ سے درگزر کا اور اپنے دین، دنیا، اہل اور مال کی عافیت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! میرے عیب ڈھانپ دے اور مجھے خوف سے امن دے اے اللہ! میری حفاظت کر، میرے سامنے سے اور میرے پیچھے سے اور میرے دائیں سے اور میرے بائیں سے اور میرے اوپر سے اور میں پناہ چاہتا ہوں تیری عظمت کے ذریعے اس سے کہ میں نیچے سے ہلاک کیا جاؤں (ایک بار)

(سنن أبی داؤد: 5074 صحیح)

- سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ اور معوذتین (سُوْرَةُ الْفَلَقِ، سُوْرَةُ النَّاسِ) پڑھیں (صحیح البخاری: 5748)

- اس بات کا یقین رکھیں کہ وسوسے پر مؤاخذہ نہیں (صحیح البخاری: 6664)

- اللہ کی پناہ طلب کریں (سورۃ فصلت: 36)

Institute
الهداية
Al-Hidayah

Official Accounts of Al-Hidayah Institute

Whatsapp Channel: Al- Hidayah Institute

Instagram: alhidayahinstitute.edu.pk

Facebook: Al-Hidayah Institute

YouTube: Al-Hidayah Institute

Thread: alhidayahinstitute.edu.pk

Tiktok: al.hidayah.institute36

Email: alhidayahinstitute36@gmail.com

